pakcity.org

# انتظامی نظام

باب 3:

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات

1. وفاق جس کے نام سے اپنے فرائض سرانجام دیتا ہے:

(A) گورنر (B) صدر (C) لارڈ میئر (D) میئر

2. صوبائی فرائض کی انجام دہی کے لئے جو ادارہ قانون سازی کرتا ہے:

(A) قومی اسمبلی (B) سینٹ (C) صوبائی اسمبلی (D) مقامی حکومتیں

3. کشمیر کونسل کے ارکان کی تعداد ہے:

(A) 12 (B) 14 (C) 16 (D) 18

4. گلگت بلتستان کونسل کے ارکان کی تعداد ہے:

(A) 12 (B) 14 (C) 16 (D) 18

5. آزاد جموں و کشمیر کی سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد ہے:

(A) 3 (B) 4 (C) 5 (D) 6

6. پاکستان کی قومی سلامتی کونسل کی صدارت کرتا ہے:

(A) صدر (B) وزیراعظم (C) چیف آف آرمی سٹاف (D) چیف آف ایئر سٹاف

7. 1973ء کے آئین کی جس شق کے تحت مقامی حکومتوں کو تحفظ دیا گیا ہے:

(A) 140-A (B) 140-B (C) 140-C (D) 140-D

8۔ پاکستان میں مقامی حکومتوں کے نظام میں تبدیلی لائی گئی:

(A) 2001ء میں (B) 2003ء میں (C) 2005ء میں (D) 2007ء میں

9. مقامی حکومتوں کے دیہی علاقوں کے نظام کے درجے ہیں:

(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

10. میٹروپولیٹن کارپوریشن کا سربراہ ہوتا ہے:

(A) چیئرمین (B) چیئرپرسن (C) لارڈ میئر (D) میئر

www.pakcity.org
pakcity.org

pakcity.org

# باب 3: انتظامی نظام

## مشقی مختصر جوابی سوالات

سوال 1: کشمیر کونسل کے ممبران کی تعداد بتائیں۔

جواب: کشمیر کونسل ریاست آزاد جموں و کشمیر کا سب سے اعلیٰ ادارہ ہے۔ جس کے 14 ارکان ہوتے ہیں ۔ جس میں سے 8 ارکان جموں و کشمیر سے ہوتے ہیں۔ اور 6 ارکان حکومت پاکستان کے نمائندے ہوتے ہیں ۔ اس کا چیئرمین وزیر اعظم پاکستان ہوتا ہے۔

سوال 2: گلگت بلتستان کونسل کا چیئرمین کون ہوتا ہے؟

جواب: گلگت بلتستان کونسل کا چیئرمین وزیر اعظم پاکستان ہوتا ہے

سوال 3: کون سے آرٹیکل کے تحت صوبائی حکومتیں انتظامی اختیارات استعمال کرتی ہیں؟ تجزیہ کریں۔

جواب: پاکستان ایک وفاقی پارلیمانی جمہوریہ ہے جس میں وفاقی اور صوبائی حکومتیں ہوتی ہیں۔ 1973ء آئین کے آرٹیکل 141 تا 159 کے مطابق وفاقی و صوبائی حکومتیں اپنے اختیارات استعمال کرتی ہیں۔

سوال 4: مقامی حکومتیں کب قائم کی گئیں؟

جواب: برصغیر میں پہلی بار مقامی حکومتوں کا تصور 1884 ء میں لارڈ رپن نے دیا۔ جبکہ پاکستان میں مقامی حکومتوں کا تصور سب سے پہلے 1959 ء میں ایوب خان نے دیا۔ موجودہ نظام کے تحت پاکستان میں 2013 ء میں مقامی حکومتیں تشکیل دی گئیں۔

سوال 5: مقامی حکومتوں کے مختلف درجات بتائیں۔

جواب: 2013ء میں تمام صوبوں نے مقامی حکومتوں کے قیام کے لیے ایکٹ پاس کیا جن کے مطابق:

(i) دیہی علاقے:

صوبہ پنجاب ,سندھ اور بلوچستان میں دیہی علاقوں میں دو درجاتی نظام قائم کیا گیا ۔ جبکہ خیبر پختون خواہ میں تین درجاتی نظام قائم کیا گیا۔ جس میں ضلع ، تحصیل اور نیبر ہیڈ کونسل / یونین کونسل کی حکومتیں شامل ہیں۔

(ii) شہری علاقے:

جبکہ شہری علاقے میں تین درجاتی نظام بنایا گیا۔ جس میں میٹرو پولیٹین کارپوریشن، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹیاں شامل ہیں۔

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

سوال6: چیف آفیسر کیا فرائض سر انجام دیتا ہے؟

جواب: یہ ضلع کونسل یا تحصیل کونسل کے سیکرٹری کے طور پر کام کرتا ہے۔ یہ سرکاری ملازم ہوتا ہے۔ جسے صوبائی حکومتیں مقرر کرتی ہیں۔

فرائض:

(i) کارپوریشن کے تمام محکموں کی نگرانی کرتا ہے۔

(ii) ان میں رابطہ قائم رکھتا ہے۔

(iii) اور ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی بھی کرتا ہے۔

pakcity.org

سوال7: آزاد جموں وکشمیر کے صدر کی حیثیت بتائیں۔

جواب: صدر آزاد جموں وکشمیر کا آئینی سربراہ ہوتا ہے جس کا انتخاب کشمیر قانون ساز اسمبلی پانچ سال کے لیے کرتی ہے۔

سوال8: سپریم اپیلٹ کورٹ کہاں قائم کی گئی؟

جواب: سپریم اپیلٹ کورٹ آزاد جموں وکشمیر قائم کی گئی ہے۔ سپریم کورٹ ایک چیف جج اور دو ججوں پر مشتمل ہے۔ جن کا تقرر وزیراعظم پاکستان تین سال کے لیے کرتا ہے۔ اس کا درجہ سپریم کورٹ کے برابر ہے اور چیف کورٹ کے فیصلوں کے خلاف اپیلوں کا فیصلہ کرتی ہے۔

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org